روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 20 جنوری 2009ء 22 محرم 1430 ہجری 20 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 15

اطاعت کی توفیق کی دعا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا کرتے تھے۔

اے اللہ ہمیں اپنی وہ خشیت عطا فرما جو ہمارے اور تیری نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے اور ہمیں ایسی اطاعت کی توفیق بخش جس کے ساتھ تو ہمیں اپنی جنت تک پہنچا دے۔ اور ایسا یقین نصیب کر جو ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان کر دے۔

(جامع ترمذی۔ کتاب الدعوات باب فی عقد التسبیح بالید حدیث نمبر 3424)

خدا تعالیٰ کی صفت کافی کے لغوی معنی اور دینی تعلیمات کی روشنی میں اس کی پرمعارف تشریح

اللہ تعالیٰ کے احکامات انسانی وسعت کے اندر ہیں کیونکہ وہ فوق الطاقت کوئی تکلیف نہیں دیتا

فلسطینیوں کیلئے دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔ وہ ظلم کی بڑی خطرناک چکی میں پس رہے ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 16/جنوری 2009ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 16 جنوری 2009ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ متعدد زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت کافی بھی ہے۔ جس کا ذکر ایک مومن کسی نہ کسی حوالے سے کرتا رہتا ہے۔ ایک حقیقی مومن جس کو اللہ تعالیٰ کی صفات کا ادراک ہے جب بھی کسی صفت کا اظہار کرتا ہے تو اس صفت کی گہرائی کو جانتے ہوئے کرتا ہے۔ صفت کافی کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بہت سی آیات میں مختلف سورتوں میں مختلف مضامین اور حوالوں کے تحت فرمایا ہے۔ حضور انور نے لغات کے حوالے سے صفت کافی کے معنی بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ کسی چیز کا کافی ہونا کسی شئے یا کسی ذات پر قناعت کرنا یا تسلی پانا اس کے معنی ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کی ذات سے زیادہ کون سی ایسی ہستی ہے جو انسان کے لئے کافی ہے یا تسلی دینے والی ہے یا جس کے انعاموں پر انسان ہر وقت انحصار کر سکتا ہے۔ پھر اس کے یہ بھی معنی ہیں کہ کسی چیز کو کسی سے دور کر کے اسے بچانا اور محفوظ رکھنا۔ فرمایا کہ ایک حدیث کے حوالے سے اس کے یہ معنی بیان کئے گئے ہیں کہ جس نے رات کے وقت میں سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات پڑھیں تو وہ اس کے لئے کافی ہوں گی۔ بعض نے اس کے یہ معنی کئے کہ یہ دونوں آیات شر کے مقابلے میں کافی ہیں اور مکروہات سے بچاتی ہیں۔

حضور انور نے سورۃ بقرہ کی ان آخری دو آیات کی وضاحت میں فرمایا کہ ان میں دعائیں بھی ہیں اور شر سے بچنے اور ایمان میں پختگی کے راستے بھی بتائے گئے ہیں۔ تزکیہ نفس کی طرف توجہ دلاتے ہوئے یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ، فرشتوں، کتابوں اور رسولوں پر ایمان رکھو کیونکہ یہ ایمان میں کامل ہونے کا ذریعہ ہیں اور یہ ایمان صرف زبانی اقرار نہیں بلکہ عقیدے اور عمل کے لحاظ سے بھی ضروری ہے۔ پھر ان آیات میں بتایا گیا کہ خدا تعالیٰ کے احکامات انسانی وسعت کے اندر ہیں۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ہمیں حکم ہے کہ تمام احکام میں، اخلاق میں، عبادات میں آنحضرتؐ کی پیروی کریں۔ پس اگر ہماری فطرت کو وہ قوتیں نہ دی جاتیں جو آنحضرتؐ کے کمالات کو اپنے اندر جذب کر سکتیں تو یہ حکم ہمیں ہرگز نہ ہوتا کہ ایسے بزرگ نبی کی پیروی کرو۔ کیونکہ خدا تعالیٰ فوق الطاقت کوئی تکلیف نہیں دیتا۔ پس یہ جو فرمایا گیا کہ یہ دو آخری آیات کافی ہیں، یہ صرف پڑھ لینے سے نہیں بلکہ ان پر غور کرنے اور ان پر عمل کرنے کے لحاظ سے ہے۔ فرمایا کہ اصر کے ایک معنی عہد اور معاہدہ کے بھی ہیں۔ اس لحاظ سے اس میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی گئی ہے کہ ہم نے جو تیرے سے عہد کئے ہیں انہیں ہم کبھی بھی توڑنے والے نہ بنیں جس طرح کہ پہلے لوگوں نے توڑے اور پھر انہیں تیری سزا کا سامنا کرنا پڑا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بعض دفعہ دنیاوی امتحانوں کے ذریعہ بھی بندوں کو آزماتا ہے تو یہاں اس حوالے سے بھی یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی بھی قسم کے دنیاوی امتحان اور ابتلاء سے ہمیں بچائے اور ایسا نہ ہو کہ کوئی بھی پیش آنے والا امتحان ہماری طاقت سے باہر ہو۔ فرمایا کہ غفر کے معنی ڈھانکنے، معاملے کو درست کرنے اور اصلاح کرنے اور مٹا دینے کے بھی ہیں۔ گویا یہ دعا ہے کہ اے اللہ ہمارے تمام ایسے کام جو تیرے نزدیک غلط ہیں ہماری خطا معاف کرتے ہوئے ان کے بداثرات کو مٹا دے اور آئندہ ہمیں اپنے معاملے درست رکھنے اور ہمیشہ اصلاح کی طرف مائل رہنے کی توفیق بھی عطا فرما۔ تو ہمارا آقا اور مولیٰ ہے اور تیرے علاوہ کوئی نہیں جو ہمارے سے رحم، مغفرت اور عفو کا سلوک کرے۔ فرمایا کہ یہ آیات اس لئے کافی ہیں کہ ایک مکمل جائزہ انسان کا اپنے سامنے آ جاتا ہے اور جب ایک مومن بندہ اپنا جائزہ اور محاسبہ کرتے ہوئے اپنی زندگی گزارنے کی کوشش کرتا ہے تو پھر ایسے شخص کے لئے آنحضرتؐ نے ضمانت دی ہے کہ ان آیات کا نازل کرنے والا اس بندے کے لئے کافی ہو جاتا ہے، اس کو برائیوں سے بچاتا ہے، نیکیوں کی توفیق دیتا ہے، اس میں قناعت پیدا کرتا ہے، اس کے ہم و غم میں اسے تسلی دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی معنوں میں ان آیات کو سمجھتے ہوئے اس کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور نے فلسطینیوں پر اسرائیل کی طرف سے ہونے والے ظلم وستم اور بربریت اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال اور حالات کا ذکر کر کے ان کے لئے دعا اور مالی امداد کی تحریک فرمائی۔

فروغ علم، ہماری قومی ذمہ داری

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ عید الفطر فرمودہ 13/ اکتوبر 2007ء میں فرمایا کہ:۔ اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد (طلباء کی امداد) میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہو سکتا ہے...... یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

(خلفاء احمدیت کی تحریکات صفحہ 517)

احمدی طلباء کی امداد کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں شعبہ ''امداد طلبہ'' قائم ہے اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء کی ٹیوشن فیس' یونیفارم' درسی کتب' کاپیاں کمپیوٹر فیس اور مقابلہ جات کی اشاعت میں حسب گنجائش مالی معاونت کی جاتی ہے۔ پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات کی شرح اس طرح سے ہے۔

حکومتی ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری:۔ 15 صد تا 2 ہزار روپے

کالج لیول:۔ تین ہزار تا 7 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔

30 ہزار تا 50 ہزار روپے

پرائیویٹ ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری: 6 ہزار تا 8 ہزار روپے

کالج لیول: 12 ہزار تا 20 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔

1 لاکھ تا 3 لاکھ روپے

شعبہ امداد طلبہ کی مساعی

1۔ گزشتہ پانچ سالوں میں 3 ہزار 134 ذہین طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کی توفیق ملی۔ 2۔ داخلہ جات کی تعداد جو یکمشت ادا کی جاتی رہی ہیں وہ 656 سالانہ ہے۔ 3۔ یونیفارم' کتب اور بیگ وغیرہ جو لے کر دیئے گئے ان کی تعداد 825 سالانہ ہے۔

آپ اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوا سکتے ہیں۔

فون: 047-6212473

Cell:0332-7079462,0321-7707403

Email:ntaleem@gmail.com

(نظارت تعلیم)

مکرم ندیم خالد رانا صاحب نیشنل سیکرٹری خلافت جوبلی کمیٹی یوگنڈا

صد سالہ خلافت جوبلی کے سلسلہ میں جماعت احمدیہ یوگنڈا کے پروگرام

عشائیہ

مورخہ 11/اکتوبر 2008ء کو خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے سلسلہ میں Fairway Hotel کمپالا میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب کی مہمان خصوصی Hon. RukiA Naka Dama وزیر مملکت برائے Gendre تھیں۔ ہوٹل کے مرکزی ہال میں نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی کے فوراً بعد سات بجے شام پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

محترم مولانا عنایت اللہ صاحب زاہد امیر و مشنری انچارج جماعت احمدیہ یوگنڈا نے استقبالیہ پیش کرتے ہوئے صد سالہ جوبلی کے پروگراموں کی اہمیت بیان کی۔

لوگنڈا ترجمہ کے تیسرے ایڈیشن کی تقریب رونمائی

آج کے دن کی اہم بات قرآن کریم کے لوگنڈا زبان میں نظر ثانی شدہ تیسرے ایڈیشن کی تقریب رونمائی ہے۔ محترم امیر صاحب نے سب اہل علم احباب سے اپیل کی کہ وہ تقویٰ سے قرآن کریم کا مطالعہ کریں۔ اس کے بعد مکرم و محترم امیر صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پیغام برموقع 27 مئی 2008ء کا ایک اقتباس پڑھ کر سنایا۔

آخر میں مکرم و محترم امیر صاحب نے صدر مملکت اور حکومت وقت کا ملک میں مذہبی رواداری کو فروغ دینے پر شکریہ ادا کیا۔

اس کے بعد Hon. Sadiq Myinga صدارتی مشیر برائے R.D.Cs نے اپنے مختصر خطاب میں صد سالہ تقریبات کے انعقاد پر جماعت کو مبارکباد پیش کرنے کے علاوہ حکومت وقت کی طرف سے ہر نیک کام میں بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

بعدازاں H.E. Boney M. Katatumb آنریری قونصلیٹ آف حکومت پاکستان نے بھی صد سالہ خلافت جوبلی پر تمام احباب جماعت کو مبارکباد پیش کی۔

مکرم شیخ یوسف علی کائرے صاحب نے قرآن کریم کے لوگنڈا زبان میں ترجمہ کی مختصر تاریخ اور نظر ثانی شدہ تیسرے ایڈیشن کے محاسن بیان کئے آپ نے بتایا کہ Alh. Zakaria Kazito Bulwadda نے اپنی علمی کم مائیگی کے باوجود محترم مولانا عبدالکریم شرما صاحب کی تحریک قرآن کریم کے لوگنڈا زبان میں ترجمہ کا کام ساٹھ کی دہائی کے اوائل میں شروع کیا۔ 14 سال کے لمبے عرصہ پر محیط یہ کام 1974ء میں پہلی بار شائع ہوا۔ اس دوران انہیں Alh. Sulaiman Mawange صاحب اور کئی مربیان کی خصوصی معاونت حاصل رہی۔ ترجمہ کے پہلے ایڈیشن کی تدوین و ترویج میں مولانا جلال الدین صاحب قمر کو بھی نمایاں خدمات بجالانے کی سعادت نصیب ہوئی۔

ترجمہ کا دوسرا ایڈیشن 1984ء میں شائع ہوا اور 1997ء میں حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع کے انقلاب آفرین عہد مبارک میں ترجمہ کی جامع نظر ثانی کا کام شروع ہوا۔ اس سلسلہ میں مکرم الحاجی محمد علی کائرے صاحب مکرم شیخ یوسف علی صاحب کائرے اور مکرم اسماعیل مالاگالا صاحب ربوہ بھی گئے اور بالآخر نظر ثانی شدہ ترجمہ 2008ء میں وکالت اشاعت لندن کے زیر اہتمام لندن سے شائع ہوا۔

موجودہ ایڈیشن میں بعض آیات کا سلیس اور عام فہم ترجمہ دیا گیا ہے۔ حاشیہ کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ نہایت جامع انڈیکس بھی ترتیب دیا گیا ہے۔

عربی متن بطرز یسرنا القرآن ہونے کے علاوہ اعلیٰ کوالٹی کا کاغذ اور انتہائی عمدہ جلد اس ایڈیشن کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کار خیر میں حصہ لینے والے سبھی احباب کو دین و دنیا کی حسنات سے نوازے۔ آمین

Hon. Rukia Nakadama نے اپنی صدارتی تقریر میں فرمایا کہ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے تاریخی موقع پر انہیں تمام بہن بھائیوں کے شرکت کا موقع ملنے پر انہیں انتہائی خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

قوم کے اتحاد کے لئے ایک امام کا وجود ناگزیر ہے اور جماعت احمدیہ خوش قسمت ہے کہ اسے ایک عالمگیر امام کی راہنمائی حاصل ہے۔ ممبران کو اس نعمت کی قدر کرنی چاہئے۔

جماعت احمدیہ ساری دنیا میں تعلیم صحت اور دوسرے سماجی شعبہ جات میں خدمات بجالا رہی ہے۔ قدرتی آفات کے مواقع پر بھی جماعت کو خاص خدمات کی توفیق ملتی رہی ہے اور یہ ساری برکات خلافت ہی کی وجہ سے ہیں اس موقع پر انہوں نے حضور انور اور تمام احباب کی خدمت میں مبارکباد پیش کی۔

قرآن کریم کے لوگنڈا زبان میں تیسرے ایڈیشن کی رونمائی کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے فرمایا کہ اگرچہ قرآن کریم کا نزول عربی زبان میں ہوا۔ مگر اس کا پیغام عالمی ہے اس لئے ہر مرد، عورت اور بچے کو عربی زبان سیکھنی چاہئے۔

قرآن کریم کی عام تفہیم کے لئے جماعت احمدیہ کو 1974ء لوگنڈا زبان میں پہلی مرتبہ ترجمہ شائع کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ انہوں نے ہر طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے علم دوست احباب کو قرآن کریم کا مطالعہ کرنے کی تلقین فرمائی اور انہوں نے حضور انور اور مکرم و محترم امیر صاحب کی خدمت میں تیسرے ایڈیشن کی تقریب رونمائی پر مبارکباد پیش کی۔

اس بابرکت تقریب میں کے دیگر نمایاں شرکاء میں جماعت کے دیرینہ دوست Hon. Dr Kasirivi Atwooki وزیر مملکت برائے لینڈ Hon.Najjuma Faridah Kasasa,mp Hon Nalu Bega Mariam mp اور نمائندہ Church of Uganda تھے۔ انہوں نے کہا اب پیدا ہونے والے تعلق کو آئندہ روابط سے مزید مستحکم کریں گے۔ اس موقع پر ایک نمائش کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں اب تک شائع ہونے والے مکمل تراجم قرآن کریم اور دستیاب منتخب آیات مختلف زبانوں میں رکھی گئی تھیں۔ اس نمائش کو مہمانان گرامی کے علاوہ ہوٹل کے بعض کارکنان نے بھی دلچسپی سے دیکھا۔ سب مہمانوں کی خدمت میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پیغام برموقع 27 مئی 2008ء کی ایک ایک کاپی بھی پیش کی گئی۔ اس تقریب کے سٹیج سیکرٹری کے فرائض مخلص احمدی رکن پارلیمنٹ Hon Usman Kiyingi نے ادا کئے۔ ذرائع ابلاغ خصوصاً Uganda National BroadCasting Corporation کی آدھے گھنٹے کی کوریج سے ہزاروں افراد تک پیغام حق پہنچانے کا موقع ملا۔ کھانے کے بعد محترم امیر صاحب نے خصوصی مہمانوں کی خدمت میں تحائف (لٹریچر) پیش کرنے کے بعد اختتامی دعا کروائی۔

بوجھ ڈالے بغیر

سپین میں حکومتی پابندیوں، نامساعد حالات، مالی دشواریوں کے باوجود کرم الٰہی صاحب ظفر نے عطر بیچ کر دین کا جھنڈا سربلند کیا۔ یہی حال تمام مربیان کا تھا۔ قیام پاکستان کے بعد نازک حالات میں فرانس اور کئی دوسرے مشنوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا مگر مجاہدین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مرکز پر بوجھ ڈالے بغیر دعوت الی اللہ کا کام جاری رکھیں گے۔

(تاریخ احمدیت جلد 12 صفحہ 22)

مکرم محمد جاوید صاحب مربی سلسلہ

زیمبیا میں خلافت احمدیہ جوبلی کے پروگرام

زیمبیا میں خلافت جوبلی کے سلسلہ میں ماہ اکتوبر 2008ء میں دو جلسوں کا انعقاد کیا گیا۔

کپیلی (Kapili)

مورخہ 15/اکتوبر 2008ء کو Kapili کے مقام پر جلسہ ہوا جس میں تلاوت و نظم کے بعد حضرت مسیح موعود کی آمد کے موضوع پر لوکل زبان نیانجا میں اور برکات خلافت کے موضوع پر خاکسار نے انگلش زبان میں تقریر کی جس کا نیانجا میں ترجمہ بھی ساتھ ساتھ ہوا۔ اس کے بعد سوال و جواب کی محفل ہوئی۔ کل 90/افراد نے شرکت کی جن میں سے 60/عیسائی تھے۔ نماز ظہر و عصر کی ادائیگی کے بعد ظہرانہ دیا گیا۔

پٹوکے

مورخہ 18'19 اکتوبر 2008ء کو پٹوکے میں دو روزہ تربیتی پروگرام منعقد ہوا۔ چھ مختلف مقامات سے 108/مرد و زن نے شرکت کی۔

18/اکتوبر کو صبح نماز تہجد ادا کی گئی اور نماز فجر کے بعد درس ہوا۔ پہلے اجلاس میں تلاوت و نظم کے بعد حضور انور ایدہ اللہ کا پیغام لوکل زبان میں پڑھ کر سنایا گیا۔ جس کے بعد مکرم محمد اسماعیل زونو صاحب نے حضرت مسیح موعود کی آمد کے موضوع پر لوکل زبان میں تقریر کی۔ دوسری تقریر خاکسار نے جلسہ سالانہ کی اہمیت کے موضوع پر انگریزی میں کی جس کا لوکل زبان میں ترجمہ بھی کیا گیا۔ اس اجلاس میں دو ہیڈ مین اور وزیر تعلیم نے شرکت کی۔

دوسرا اجلاس اڑھائی بجے شروع ہوا جس میں تلاوت و نظم کے بعد برکات خلافت کے موضوع پر تقریر ہوئی۔ 45 منٹ کی مجلس سوال و جواب ہوئی۔ اور خدام و انصار میں الگ الگ ورزشی مقابلہ جات ہوئے۔ جن میں پوزیشنز لینے والوں کو انعامات دیئے گئے۔ رات کو حضور انور کے دورہ جات کی C.Ds دکھائی گئیں۔

جلسہ کے دوسرے دن بھی نماز تہجد ادا کی گئی۔ حضور انور کے دورہ کی سی ڈیز دکھائی گئیں اور اختتامی اجلاس میں تلاوت و نظم کے بعد خلافت اور ہماری ذمہ داریوں کے موضوع پر انگلش میں تقریر کی گئی اور ساتھ ساتھ لوکل زبان میں ترجمہ کیا گیا۔ اس پروگرام کو شامل ہونے والوں نے سراہا۔ اس جلسہ میں کتب کی نمائش بھی لگائی گئی اور پمفلٹ بھی تقسیم کئے گئے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خطبہ جمعہ

ممبئی (انڈیا) میں بعض ظالموں کی دہشت گردی کی واردات کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے حالات اور مختلف مشوروں اور مختلف لوگوں کو دکھائی جانے والی فکرمندی کی رویا اور خوابوں کو سننے اور پڑھنے اور دعا کے بعد ہندوستان سے باہر کے احمدیوں کو اس سال قادیان کے جلسہ سالانہ میں شامل ہونے کے لئے نہ آنے کی تاکیدی ہدایت

اے اللہ! تو مجھے سیدھے راستے پر چلا۔ میری دعا سن اور مجھے اپنی جناب سے جس طرح تو چاہتا ہے عطا کر

ہمارے سب کام جذباتیت سے بالا ہوکر ہونے چاہئیں۔ دنیا کی باتوں یا استہزاء کا خیال دل سے نکالتے ہوئے ہونے چاہئیں

ابتلاؤں اور مشکلات سے بچنے کے لئے قرآن مجید اور احادیث نبوی میں مذکور بعض دعاؤں کا خاص طور پر التزام کرنے کی تاکید

محترمہ امتہ الرحمٰن صاحبہ اہلیہ چوہدری محمد احمد صاحب درویش مرحوم (قادیان) کی نماز جنازہ غائب اور مرحومہ کا ذکر خیر

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 5 ردسمبر 2008ء بمطابق 5 رفتح 1387 ہجری شمسی بمقام بیت الہادی۔ دہلی۔ انڈیا

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

ہر انسان کی اِس دنیا میں خواہشات ہوتی ہیں جو ہر ایک کی ذہنی اور جسمانی استعدادوں، علمی صلاحیتوں، مالی حالتوں، اپنے ماحول اور معاشرے کی حدود یا وسعت کے مطابق مختلف ہوتی ہیں۔ لیکن ایک مومن کو، ایک کامل ایمان والے کو، ایسے لوگوں کو جن کا کامل بھروسہ خدا تعالیٰ کی ذات پر ہوتا ہے ہر کام، ہر خواہش ہر مشکل اور ہر آسائش میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کی طرف توجہ پیدا ہوتی ہے اور ہونی چاہئے۔ تبھی ایک انسان مومن کہلا سکتا ہے۔ تبھی ایمان میں ترقی کرنے والا کہلا سکتا ہے۔ تبھی اللہ تعالیٰ کا عبادت گزار کہلا سکتا ہے۔ ہر چھوٹی سے چھوٹی خواہش اور اس کو پورا کرنے کے لئے وہ اس فرمان کے مطابق اللہ تعالیٰ کے آگے جھکتا ہے کہ اگر جوتی کا تسمہ بھی لینا ہے تو خدا سے مانگو۔ کیونکہ اگر خدا تعالیٰ کی مرضی نہیں ہوگی تو جیب میں رقم ہونے کے باوجود، بازار تک پہنچنے کے باوجود، اُس دکان میں داخل ہونے کے باوجود جہاں سے تسمہ خریدنا ہے، ایسے حالات پیدا ہو سکتے ہیں کہ اس تسمے کا حصول ممکن نہ ہو۔ اور اگر یہ ممکن ہو بھی جائے تو اس کو استعمال کرنا نصیب نہ ہو۔

پس ہر چھوٹی سے چھوٹی چیز کے لئے، ہر چھوٹی سے چھوٹی خواہش کی تکمیل کے لئے، اللہ تعالیٰ کی طرف جھکنا ایک مومن کے لئے انتہائی ضروری ہے اور اس کا فضل مانگتے ہوئے اس چیز یا خواہش کے حصول اور تکمیل کی کوشش کرنی چاہئے۔

ہم احمدیوں پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے اور مَیں اکثر اس حوالے سے بات کرتا ہوں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی ذات کے متعلق یہ عرفان اپنی جماعت میں پیدا کرنے کی طرف بڑی شدت سے کوشش کی اور جماعت کو توجہ دلائی بلکہ پیدا فرمایا کہ خدا کو پہچانو اور کس طرح پہچانو۔

حضرت مسیح موعود ایک موقع پر فرماتے ہیں:

’’مَیں سچ کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہی کو پیار کرتا ہے اور انہی کی اولاد بابرکت ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ کے حکموں کی تعمیل کرتا ہے۔ اور یہ کبھی نہیں ہوا اور نہ ہوگا کہ خدا تعالیٰ کا سچا فرمانبردار ہو، وہ یا اس کی اولاد تباہ و برباد ہو جاوے۔ دنیا اُن لوگوں کی ہی برباد ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ کو چھوڑتے ہیں اور دنیا پر جھکتے ہیں۔ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ ہر امر کی طناب اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ اُس کے بغیر کوئی مقدمہ فتح نہیں ہو سکتا۔ کوئی کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی اور کسی قسم کی آسائش اور راحت میسر نہیں آ سکتی۔ دولت ہو سکتی ہے مگر یہ کون کہہ سکتا ہے کہ مرنے کے بعد یہ بیوی بچوں کے کام ضرور آئے گی‘‘۔

پھر آپ ایک جگہ فرماتے ہیں کہ: ’’اللہ تعالیٰ مخفی ہے مگر وہ اپنی قدرتوں سے پہچانا جاتا ہے۔ دعا کے ذریعہ سے اس کی ہستی کا پتہ لگتا ہے۔ کوئی بادشاہ یا شہنشاہ کہلائے ہر شخص پر ضرور ایسے مشکلات پڑتے ہیں جن میں انسان بالکل عاجز رہ جاتا ہے اور نہیں جانتا اب کیا کرنا چاہئے۔ اس وقت دعا کے ذریعہ سے مشکلات دور ہوتے ہیں‘‘۔

پس یہ فہم حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت میں پیدا فرمایا کہ ہر حالت میں خدا تعالیٰ کو یاد رکھنے کی ضرورت ہے وہی ہے جو تمام مشکلات کو دور کرنے والا ہے۔ وہی ہے جو اپنے بندوں کی صحیح راہنمائی کرنے والا ہے۔

پس جیسا کہ مَیں نے کہا کہ ہم احمدی خوش قسمت ہیں کہ اکثریت اس بات کا ادراک رکھتی ہے اور مشکلات میں اور ہر ضرورت میں خاص طور پر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکتی ہے۔ ہر مومن کا کام اور اس کی پیدائش کا مقصد ہی خدا تعالیٰ کی عبادت ہے لیکن خاص حالات میں زیادہ توجہ پیدا ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا فضل بھی خاص اس وجہ سے ہوتا ہے کہ عام حالات میں بھی مومن خدا تعالیٰ کی عبادت کی طرف توجہ دینے والا ہوتا ہے۔

جیسا کہ مَیں نے کہا مومن کی بھی خواہشات ہوتی ہیں لیکن وہ ان کو پورا کرنے کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف جھکتا ہے اور اس کو جھکنا چاہئے۔ کیونکہ اسے پتہ ہے کہ خدا تعالیٰ ہی ہے جو میری خواہشات کو پورا کرنے والا ہے۔ ہر کام میں خدا تعالیٰ کی رضا میرا مقصود زندگی ہے۔ یہ ایک مومن کی سوچ ہوتی ہے۔ ایک مومن کو اس بات کا ادراک ہے کہ چاہے وہ ذاتی کام ہو جس کا تعلق روزمرہ کے معاملات سے ہے یا کاروباری معاملات سے ہے یا دینی اور جماعتی حالات ہیں ہر کام کرنے سے پہلے ایک مومن جسے خدا تعالیٰ پر کامل ایمان ہے اللہ تعالیٰ کی طرف جھکتا ہے تا کہ اللہ تعالیٰ اس کام میں برکت ڈالے اور اس کے نیک نتائج پیدا فرمائے۔

بعض دفعہ ایک انسان ایک کام کو اچھا سمجھ رہا ہوتا ہے اور ہوتا بھی وہ نیک کام ہی ہے، سمجھتا ہے کہ اس کے اچھے نتائج نکلیں گے۔ کسی خواہش کی تکمیل کے لئے کوشش بھی کرتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک اگر وہ بہتر نہیں تو اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی بھلائی کی خاطر اس میں وقتی یا مستقل روک ڈال دیتا ہے۔ بعض اوقات ایک مومن کسی کام میں ہاتھ ڈالتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو یا اس کے قریبیوں کو یا اگر جماعتی معاملہ ہے تو جماعت میں بہت سارے افراد کو اس کام کے اس خاص موقع پر نہ

ہونے یا بعض روکوں کے بارے میں پہلے سے اطلاع دے دیتا ہے۔لیکن انسان پھر بھی اپنے اجتہاد کی وجہ سے اس کو کرنے پر اصرار کرتا ہے اور نتیجۃً پھر وہ کام اس خواہش کے مطابق نہیں ہوتا جو مومن چاہ رہا ہوتا ہے اور کام بھی نیک ہوتا ہے۔اور پھر بعد کے حالات اس حقیقت کو کھول دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فیصلہ ہے اور اسی میں برکت ہے اور اللہ تعالیٰ فی الحال نہیں چاہتا کہ ایسے حالات پیدا ہوں جس میں یہ کام ہو۔

اللہ تعالیٰ نے اس اصولی بات کی طرف کہ تم بعض کاموں کو اپنے لئے بہتر اور خیر کا باعث سمجھتے ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس میں تمہارے لئے خیر نہیں ہوتی یا اس میں ایک عارضی روک ہوتی ہے۔قرآن کریم نے اس طرح بیان فرمایا ہے کہ (۔) کہ ممکن ہے تم کسی چیز کو ناپسند کرتے ہو اور وہ تمہارے لئے بہتر ہو۔(۔) اور ممکن ہے ایک چیز تم پسند کرتے ہو اور وہ تمہارے لئے شر انگیز ہو۔اور پھر فرمایا (۔) (البقرۃ:217) کہ اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

اب یہ اصولی بات ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتا دیا کہ انسان کا علم چونکہ محدود ہے۔بعض دفعہ وہ ایسی چیز کا مطالبہ کر رہا ہوتا ہے جو اسے اچھی بھی لگ رہی ہوتی ہے اور ہوتی بھی حقیقتاً اچھی ہے۔ اس میں اس کو اپنے لئے فائدے بھی نظر آ رہے ہوتے ہیں۔اس کے حصول کے لئے اس کے دل کی شدید خواہش ہوتی ہے جبکہ وہ یہ برداشت نہیں کرتا کہ کسی بھی طرح وہ اپنی خواہش کی تکمیل یا اس کام کے ہونے سے محروم رہ جائے۔لیکن نہیں جانتا کہ اس کام کے ہونے سے اس کو نقصان بھی ہو سکتا ہے یا اس وقت کے لئے اتنا فائدہ نہیں جتنا بعد میں ہو سکتا ہے۔جو جذبہ ایک انسان کا کسی کام کے ہونے کے پیچھے کارفرما ہوتا ہے وہ شدت پسندیدگی یا ناپسندیدگی ہے۔ وہ آگے سے آگے بڑھنے کی خواہش ہے۔وہ اچھے سے اچھا حاصل کرنے کی خواہش ہے۔اگر یہ عام حالات میں کسی مخالف کو نیچا دکھانے کے لئے ہے تو تب بھی یہ خواہش ہوتی ہے کہ میری مرضی کے موافق کام ہو جائے تا کہ میرا ہاتھ مخالف کے اوپر رہے۔اور کیونکہ انسان کا علم محدود ہوتا ہے اس لئے دونوں طرح کے جذبات یعنی خواہش کی تکمیل اور مخالف کو فوری طور پر ناکامی کا منہ دکھانے کے فائدے اور مضرات کو سمجھ نہیں سکتا اور جب انسان ضد کرتا ہے تو اس کوشش میں بجائے فائدے کے بعض اوقات اپنا نقصان کرا لیتا ہے۔اپنے تمام وسائل اور سوچیں بروئے کار لانے کے بعد پھر ناکامی ہوتی ہے۔

پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ایک مومن کا کام ہے کہ کسی خواہش کی تکمیل میں اپنی پسند کو دخل نہ دے۔ بلکہ خاص طور پر جو دینی معاملات ہیں ان کے لئے تو بہت اہم ہے اور عام معاملات میں بھی کہ جو عالم الغیب والشہادۃ خدا ہے جو سیدھے راستے پر چلانے والا خدا ہے، جس نے اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم (الفاتحہ: 6) کی دعا سکھائی ہے اس سے مدد مانگیں۔وہ خدا جو مجیب ہے، دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے، جو دعاؤں کو سنتا ہے اس کے آگے جھکے کہ اے اللہ! تُو ہی ہر ظاہری اور چھپے ہوئے کا کامل علم رکھنے والا ہے۔تُو مجھے سیدھے راستے پر چلا۔میری دعا سن اور مجھے اپنی جناب سے جو تیرے نزدیک بہترین ہے اور جس طرح تو چاہتا ہے اس طرح عطا کر۔تو جیسا کہ مَیں نے پہلے بیان کیا ہے کہ ایک مومن کو دُعا کے ذریعہ سے ہر کام میں خدا تعالیٰ سے مدد مانگنی چاہئے اور جب اس طرح مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ راستہ بھی دکھا دیتا ہے۔لیکن بعض دفعہ دُعا کرنے کے باوجود اور بعض اشاروں کے باوجود جیسا کہ مَیں نے کہا اجتہادی غلطی کر جاتا ہے اور بعض اور اشاروں پر محمول کرتے ہوئے کہ اس میں کامیابی ہے لیکن وہ اشارے کسی اور مقصد کے لئے ہوتے ہیں یا کسی اور وقت کے لئے ہوتے ہیں، اُن کو دیکھتے ہوئے کام کرنے کی کوشش کرتا ہے۔لیکن اللہ تعالیٰ جو اپنے بندوں کو نقصان سے بچانا چاہتا ہے ان کی غلطیوں کے باوجود پھر ایسے حالات پیدا کر دیتا ہے، بعض ایسے واقعات رونما ہو جاتے ہیں جو اس بات کی نشاندہی کر رہے ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی یہ نہیں ہے۔باوجود تمہاری شدید خواہش کے خدا تعالیٰ نے اس کام کی تکمیل یا اس کو کرنا کسی اور وقت کے لئے مقدر کر رکھا ہے۔بے شک یہ کام ہونا ہے، خاص طور پر جو جماعت کی ترقی کے کام ہیں، حضرت مسیح موعود سے اللہ تعالیٰ کے وعدے ہیں یہ مقدر ہیں۔ بے شک انہوں نے ہونا ہے۔بے شک ہم نے اور جماعت نے من حیث القوم، من حیث الجماعت اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضلوں کو سمیٹنا ہے اور پھر ان فضلوں کا ایک نئی شان کے ساتھ دوبارہ انتشار بھی ہونا ہے جس نے پھر دنیا میں پھیلنا ہے اور پھر جماعتی ترقی کے اسباب نظر آنے ہیں۔لیکن اس کے وقت کا تعین خود خدا تعالیٰ نے فرمانا ہے۔ ہمارا کام اس کی رضا پر چلتے ہوئے اور دعائیں مانگتے ہوئے اپنے کام کئے چلے جانا ہے۔

اس سال خلافت جوبلی کے حوالے سے ہر احمدی میں نیا جذبہ ہے۔مختلف ملکوں کے جلسہ سالانہ ہو چکے ہیں اور ہو بھی رہے ہیں۔قادیان کا جلسہ سالانہ بھی دسمبر کے آخر میں مقرر کیا گیا ہے اور اس میں شمولیت کے لئے بڑے جذبے سے دنیا میں احمدیوں نے کوشش کی اور تیاریاں بھی کی ہیں۔لیکن گزشتہ دنوں ظالم لوگوں نے اس ملک میں، ممبئی میں جو دہشت گردی کی واردات کی ہے، اس نے پورے ملک میں ایک بے چینی پیدا کر دی ہے۔ یہاں کے اخباروں اور ٹیلیویژن چینلز نے جو شخص پکڑا گیا ہے اس کے حوالے سے انکشافات کئے ہیں۔ جو باتیں سامنے آ رہی ہیں اس سے لگتا ہے کہ یہ ظالم لوگ یا گروپ جو بھی ان میں ملوث ہیں اپنے ظلموں کو مزید پھیلانے کی کوشش کریں گے۔اس کی وجہ سے حکومت نے بڑے احتیاطی اقدامات بھی کئے ہیں۔تو بہرحال ان حالات کی وجہ سے جو یہاں آج کل ہیں مَیں نے باہر سے آنے والے احمدیوں کو روک دیا ہے اور بلا استثناء ہر ایک کو، مَیں پھر واضح کر دوں کہ باوجود اپنی بڑھی ہوئی خواہش کے باہر سے کسی نے اس جلسہ میں شامل ہونے کے لئے نہیں آنا۔اللہ تعالیٰ حالات بہتر کرے گا تو پھر انشاء اللہ تعالیٰ موقع مل جائے گا۔ہمیں تعلیم بھی یہی دی گئی ہے اور دعا بھی یہی سکھائی گئی ہے کہ ہمیشہ ابتلاؤں اور مشکلات سے بچنے کے لئے دعا کرو اور ان جگہوں سے بھی بچو۔ جو یہاں کے شہری ہیں وہ تو بہرحال یہیں رہتے ہیں۔ غیر ملکی جو سفر میں ہوتے ہیں ان کے حالات کچھ اور ہو جاتے ہیں۔تو بہرحال ہمیں دعاؤں کی تلقین کی گئی ہے چاہے وہ قدرتی آفات ہیں یا ظالموں کے پیدا کردہ فسادات ہیں، ان سے بچنے کے لئے دعائیں ہیں۔

مختلف لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے جو پہلے ہی بعض فکرمندی والی رؤیا دکھائی تھیں جو کچھ نے مجھے پہلے بھی لکھی تھیں اور اب زیادہ آ رہی ہیں اور یہ سب خوابیں جو دنیا میں ان لوگوں کو دکھائی گئیں جو مختلف ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں یہ سننے اور پڑھنے کے بعد اور اسی طرح دعا کے بعد اور مختلف مشوروں کے بعد مَیں نے باہر سے آنے والے لوگوں کو روکا ہے۔ یہی فیصلہ کیا ہے کہ نہ آئیں۔ ہمارے سب کام جذباتیت سے بالا ہو کر ہونے چاہئیں۔ دنیا کی باتوں یا استہزاء کا خیال دل سے نکالتے ہوئے ہونے چاہئیں۔ ہر احمدی کی جان کی قیمت ہے، بلاوجہ اپنے آپ کو مشکل میں ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ مجھے پتہ ہے بہت سوں کو اس سے شدید جذباتی تکلیف پہنچے گی۔لیکن ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر فضل فرماتا ہے۔اگر ہم کسی غلط فیصلے کا اپنی بشری کمزوری کی وجہ سے سوچ بھی رہے ہوں تو حالات و واقعات کو اللہ تعالیٰ اس نہج پر لے آتا ہے جس سے ہمیں صحیح سوچوں اور صحیح فیصلوں کی طرف راہنمائی ملتی ہے۔

مَیں نے ابتلاؤں اور مشکلات سے بچنے کے لئے دعا کا ذکر کیا تھا اس کے لئے بہت سی مسنون دعائیں بھی ہیں۔اسی طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بھی دعائیں سکھائی ہیں۔حضرت مسیح موعود کی دعائیں بھی ہیں۔تو اس وقت مَیں آنحضرت ﷺ کی ایک دعا سامنے رکھتا ہوں جس کو مَیں پہلے بعض حوالوں سے بیان کر چکا ہوں اور وہ دعا یہ ہے (۔) (مؤطا امام مالک۔ باب ما یومر به من التعوذ) کہ مَیں اپنے عظیم شان والے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں کہ جس سے عظیم تر کوئی شئے نہیں اور کامل اور مکمل کلمات کی پناہ میں بھی کہ جن سے کوئی نیک و بد تجاوز نہیں کر سکتا اور اللہ کی تمام صفات حسنہ جو مجھے معلوم ہیں یا نہیں معلوم ان سب کی پناہ طلب کرتا ہوں اس مخلوق کے شر سے جسے اس نے پیدا کیا اور پھیلایا۔

اس میں تمام زمینی وآسمانی شرور سے بچنے اور خدا تعالیٰ کی پناہ میں آنے کی دعا ہے۔ آنحضرت ﷺ کی تو ہر دعا ہی بہت جامع ہے، اور برکتیں سمیٹنے والی ہے۔ لیکن جن چند مسنون دعاؤں کو روزانہ مَیں سامنے رکھتا ہوں ان میں سے ایک یہ بھی ہے، اس لئے ذہن میں آ گئی۔ تو اللہ تعالیٰ ہماری دعائیں قبول فرمائے اور ہر احمدی کو ہر شر سے بچائے۔

پھر قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے مثلاً ایک دعا جو حضرت موسیٰؑ کی ہے (۔) (القصص:25) کہ اے میرے ربّ! مَیں تیری ہر چیز، ہر خیر جو تو مجھے دے مَیں اس کا محتاج ہوں۔ یہ دعا مانگنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ ہمیں خیر ہی خیر ملتی رہے۔

پس یہ دعائیں ہیں جو ہر وقت انسان کو اپنے خدا سے مانگنی چاہئیں۔ ہمیشہ وہ اپنی خیر اور فضل سے ہمیں نوازتا رہے۔ ہر برائی اور شر سے ہمیں بچائے۔ ہماری خواہشات کو ہمیشہ صحیح سمتوں پر رکھے۔ اگر کبھی کسی غلط اجتہاد کی وجہ سے خدا تعالیٰ کے پیغام کو نہ سمجھ سکیں تو اللہ تعالیٰ محض اور محض اپنے فضل سے اس کے بداثرات سے ہمیں محفوظ رکھے۔ کبھی ہم ایسے نہ بنیں جو حکمت سے عاری ہوتے ہوئے اپنی خواہشات کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور منشاء کے الٹ چلانے والے ہوں۔ حکمت سے کئے ہوئے فیصلے بھی اللہ تعالیٰ کی خیر میں سے ایک بہت بڑی نعمت ہیں اور یہ بھی خیر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ بھی دعا سکھائی ہے کہ (۔) (الشعراء: 84) کہ اے میرے ربّ مجھے حکمت عطا کر اور مجھے نیک لوگوں میں شامل کر۔ حکمت کے بہت وسیع معنی ہیں۔ ایک یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو کوئی پیغام ملے تو اسے انسان سمجھنے کی کوشش کرے جیسا کہ مَیں نے پہلے بھی کہا تھا کہ حضرت مسیح موعود نے خدا تعالیٰ کی ذات کی ہمیں حقیقی پہچان کروائی ہے اور ہر کام کے لئے اس کے آگے جھکنے اور اس کے پیغام کو سمجھنے کی تلقین فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ اس پر قائم رکھے۔ ہمارے سب فیصلے حکمت والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی منشاء کو سمجھنے والے ہوں اور یہی ایک حقیقی مومن کی نشانی ہے۔ مومن کی فراست ہی یہی ہے کہ ہر پہلو پر غور کرے۔ مومن کو خوفزدہ نہیں ہونا چاہئے۔ یقیناً مومن نڈر ہوتا ہے۔ لیکن یہ ضرور غور کرنا چاہئے کہ کس بات میں فائدہ ہے یا زیادہ فائدہ ہے اور کس بات میں زیادہ نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم کسی قربانی سے نہیں ڈرتے لیکن اگر کسی جگہ ایسے شر نظر آتے ہوں جن سے بچنا مومن کے اور جماعت کے مفاد میں ہو تو اس سے بچنا چاہئے۔ جیسا کہ مَیں نے کہا کہ بعض خوابوں کے ذریعہ ایسے اشارے بھی ملے تھے یا کچھ اور اندازے تھے جس سے لگتا تھا کہ وسیع پیمانہ پر یہ جلسہ نہ ہو سکے گا۔ بہرحال اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہئے کہ خدا تعالیٰ ہمارے اس فیصلے کے بہتر نتائج نکالے اور بے انتہا برکت ڈالے اور ہمارا ہر کام جماعت کے مفاد میں ہو۔ افراد جماعت جو جلسہ پر آنا چاہتے تھے ان کو نہ آنے سے جو جذباتی تکلیف ہوئی ہے اللہ تعالیٰ ان کا ایسا مداوا کرے کہ ان کی توجہ مزید اللہ تعالیٰ سے پختہ تعلق پیدا کرنے کا ذریعہ بن جائے۔ ہر احمدی کو ایمان اور ایقان میں بڑھائے۔ ان کی توجہ دعاؤں کی طرف پہلے سے بڑھ کر ہو۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''یقیناً خدا رحیم، کریم اور حلیم ہے اور دعا کرنے والے کو ضائع نہیں کرتا''۔

پس ہمیشہ ہمیں ہر تکلیف کے بعد پہلے سے بڑھ کر خدا تعالیٰ کے سامنے جھکنے والا بننا چاہئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جیسا کہ مَیں نے کہا اللہ تعالیٰ بہتر حالات میں ہمیں جلسہ میں شمولیت کی توفیق دے گا۔ قادیان کے احمدیوں کے لئے بھی دعا کریں اور یہاں کے بسنے والے تمام احمدیوں کے لئے بھی۔ دنیا میں بسنے والے احمدی ان کو دعاؤں میں یاد رکھیں اور یہاں اس ملک ہندوستان میں رہنے والے احمدی بھی اپنے لئے بھی دعائیں کریں اور یہاں کے بسنے والوں کے لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو ہر ظلم سے محفوظ رکھے۔ دنیا اپنے پیدا کرنے والے خدا کو پہچانے۔ انسان، انسان کا حق ادا کرنے والا بنے۔ مذہب کے نام پر یا ذاتی مفادات کی خاطر جو ظلم ہو رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام لوگوں کو جو اس میں ملوث ہیں اپنی پکڑ میں لے اور ان کو عبرت کا نمونہ بنائے۔ پاکستان کے احمدی بھی بعض لحاظ سے محرومی کا شکار ہیں یا محرومی سے گزر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی محرومیاں بھی دور فرمائے۔ ہر ایک کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور اللہ تعالیٰ دنیا میں ہر شخص کو اور اپنی ہر مخلوق کو جو انسانیت کے نام پر انسان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں حقیقی انسانیت پر قائم کر دے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ ثانیہ میں فرمایا:

ابھی نمازوں کے بعد مَیں ایک نماز جنازہ غائب پڑھاؤں گا جو مکرمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ اہلیہ چوہدری محمد احمد صاحب درویش مرحوم کا ہے۔ 3 دسمبر 2008ء کو قادیان میں وفات پا گئی تھیں۔ (۔) مرحومہ موصیہ تھیں اور 91 سال کی عمر پائی اور درویشی کا زمانہ اپنے میاں کے ساتھ انتہائی صبر اور شکر کے ساتھ گزارا۔ بڑی نیک خاتون تھیں۔ کئی خوبیوں کی مالک تھیں۔ نمازوں کی پابندی، چندوں میں باقاعدگی، باوجود کم وسائل کے غریبوں کی مدد کرنے والی اور پھر جب حالات اچھے ہوئے تب بھی غریبوں کی مدد کرنے والی مخلص خاتون تھیں۔ ایک لمبے عرصے تک بطور سیکرٹری مال خدمت کی توفیق بھی پائی۔ مرحومہ کے ایک بیٹے کینیڈا میں مکرم بشیر احمد صاحب ناصر فوٹوگرافر ہیں جو یہاں آئے ہوئے تھے۔ میرے ساتھ پھر رہے تھے ابھی۔ واپس چلے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بچے بھی ہیں، دو بیٹیاں اور ایک بیٹا۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے۔ ان سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور ان کے بچوں کو اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔

غزل

انساں نہیں رہتا ہے تو ہوتا نہیں غم بھی
سو جائیں گے اک روز زمیں اوڑھ کے ہم بھی

بے جا نہیں کہہ دوں جو اسے لطف و کرم بھی
قسمت میں مری اتنے کہاں تھے ترے غم بھی

جس لغزشِ آدم سے خلافت ہے مزین
اس جوشِ محبت کے خطاوار ہیں ہم بھی

اہلوں کے مقامات پہ نااہل ہیں فائز
گھٹتا ہے اب اس شہرِ تمدن میں تو دم بھی

آ جائے میسر جو کوئی ڈھب کا خریدار
ہم لوگ تو بک جاتے ہیں بے دام و درم بھی

یہ بات غلط شہر میں ''تم سے ہیں ہزاروں''
اے جانِ طرب آج تو نایاب ہیں ہم بھی

احسان دانش

ماخوذ

ذیابیطس کے نقصانات اور اس کا علاج

یہ مرض آنکھوں اور گردوں کو تباہ کر ڈالتا ہے

ذیابیطس اور گردے

ذیابیطس میں مبتلا افراد کے لئے افعال گردہ کی جانچ بہت ضروری ہے۔ گردے چھلنی کی طرح کام کرتے ہیں۔ خون جب گردوں میں پہنچتا ہے تو خون کی صفائی کے دوران فاسد مادے پیشاب کے ذریعے جسم سے خارج ہو جاتے ہیں۔ گردوں کا کام پانی کی مقدار اور مختلف نمکیات کو کنٹرول کرنا بھی ہے تا کہ بلڈ پریشر کنٹرول میں رہے۔ اس کے علاوہ گردوں سے چند ہارمونز (رطوبتوں) کا بھی اخراج ہوتا ہے۔ کبھی کبھی گردوں میں خرابی ہو سکتی ہے۔ اس خرابی کو ”نیفروپیتھی“ کہتے ہیں۔ یہ مرض کسی کو بھی ہو سکتا ہے۔ لیکن ذیابیطس میں مبتلا افراد زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ بالخصوص وہ جن کو گزشتہ 20 سال یا زائد عرصہ سے ذیابیطس ہو اور اگر بلند فشار خون بھی ہو تو خطرات میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے تاہم ان خطرات سے نمٹنے اور کمی کے لئے خون میں گلوکوز، کھانے سے پہلے 70 اور 100 ملی گرام کے درمیان اور کھانے کے دو گھنٹے بعد 100 اور 140 ملی گرام کے درمیان رکھنا ہوگی۔

نیفروپیتھی کا عمل آہستہ آہستہ اور طویل عرصہ کے بعد ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی بڑی وجہ گردوں کو سیراب کرنے والی خون کی نالیوں کا متاثر ہونا ہے جس سے گردوں کے افعال پر خراب اثر پڑتا ہے۔

اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو بھیانک نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ لہذا ذیابیطس میں مبتلا ہر فرد کو تشخیص کے وقت اور ہر سال باقاعدگی سے گردوں کے افعال جانچنے کے لئے پیشاب اور خون کا معائنہ ضرور کروانا چاہئے۔ ایسے ہر چار افراد میں سے ایک نیفروپیتھی کا شکار ہو سکتا ہے۔ اگر دونوں امراض کا علاج بہتر طریقہ سے کیا جائے تو دونوں حالتیں بہتر ہو سکتی ہیں اور صرف چند افراد ہی اس کا شکار ہو سکتے ہیں۔ جیسے ہی نیفروپیتھی کا پتہ چلے دوا استعمال کرنے سے پہلے اپنے ذاتی معالج سے ضرور رجوع کریں۔

ذیابیطس اور البومن

البومن، لحمیات (پروٹین) کی ایک قسم ہے۔ اسے گردے کا فعل جانچنے کے لئے پیشاب میں دیکھا جاتا ہے۔ پیشاب میں البومن آنے کی کئی وجوہات ہیں جس میں ذیابیطس بھی شامل ہے۔

پیشاب میں لحمیات آنے کی اہم وجوہات میں گردوں اور مثانہ کا انفیکشن بھی ہیں۔ دوسری بیماریوں کی عدم موجودگی میں اگر پیشاب میں پروٹین آئے تو ذیابیطس اس کی وجہ ہو سکتی ہے۔ ذیابیطس اگر طویل عرصہ تک کنٹرول میں نہ آئے تو یہ گردوں کے افعال پر برا اثر ڈالتی ہے۔ جس میں سے پہلے پیشاب میں لحمیات آنی شروع ہو جاتی ہے۔ جب کافی مقدار میں پروٹین آ رہی ہو تو 24 گھنٹے کا پیشاب جمع کر کے اور دوسرے ٹیسٹ بھی کروائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ پیشاب کا خصوصی ٹیسٹ برائے خوردبینی لحمیات (Microalbuminuria) بھی ہوتا ہے۔ یہ لحمیات عام پیشاب کے ٹیسٹ میں نہیں آتی اور اس کی نارمل مقدار 30 سے 300 ملی گرام کے درمیان ہوتی ہے۔

یہی وہ مرحلہ ہے جب پتہ چل جائے تو گردوں کو پیچیدگی سے بچایا جا سکتا ہے۔ یہ ٹیسٹ اس وقت مثبت کہلاتا ہے جب چھ ماہ کے عرصہ میں دو دفعہ سے زیادہ مقدار بڑھی ہوئی آئے اور دوسری بیماریاں بھی نہ ہوں۔ اس کے علاوہ اگر بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) ہو تو اسے بھی 24 گھنٹے نارمل رہنا چاہئے۔ کیونکہ اس کی موجودگی میں گردہ کے افعال اور تیزی سے متاثر ہوتے ہیں۔ خوردبینی لحمیات کی موجودگی میں اکثر اوقات ڈاکٹر ACE Inhibitors کی معمولی مقدار بھی تجویز کرتے ہیں تا کہ گردوں کا فعل نارمل ہو جائے۔

ذیابیطس اور پریشانیاں

گھریلو پریشانیاں ذہنی کرب میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ ذہنی اذیت کی وجہ سے خون میں گلوکوز کی مقدار بڑھ سکتی ہے۔ لیکن یہ اضافہ بہت زیادہ نہیں ہوتا۔ انسان جب پریشانی میں مبتلا ہوتا ہے تو دباؤ والی کیفیت ہوتی ہے۔ اس سے جسم میں ایک رطوبت Stress Hormone کا اخراج ہوتا ہے۔ جو انسولین کے اثر میں مزاحم ہوتی ہے۔ جس کے نتیجہ میں خون میں گلوکوز کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ جب لوگ ذہنی پریشانیوں کا شکار ہوں تو دوائیں اور غذائی پرہیز کاربند نہیں ہوتے۔ اس صورت میں گلوکوز کی مقدار کو بڑھنا ہے اور سارا الزام ذہنی پریشانی پر ڈال دیا جاتا ہے۔ لہذا آپ تفکرات و پریشانی کی وجہ معلوم کر کے اسے دور کریں۔ اس کے علاوہ اگر ماہر نفسیات سے رجوع کرنے کی ضرورت پڑے تو فوراً رابطہ کریں۔

اس کے ساتھ ساتھ ذیابیطس کے علاج اور نگہداشت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں ورنہ گھریلو پریشانیوں کے ساتھ ساتھ بیماری کی شدت سے بھی مزید پریشانیوں کا شکار ہو جائیں گے۔

ذیابیطس سے نجات

تا حال ناکارہ لبلبہ کا علاج ماسوائے لبلبہ کی پیوندکاری کے کوئی اور نہیں۔ لبلبہ کی پیوندکاری اتنی آسان نہیں اور بہت مہنگی ہے جبکہ پیوندکاری کے بعد لوازمات اور بھی مشکل و مہنگے ہیں۔ آپ لبلبہ کے صحیح ہونے کی فکر نہ کریں بلکہ ایسا طریقہ علاج اپنائیں جس سے آپ کی شوگر کنٹرول رہے۔ اس طریقہ علاج میں ورزش اور غذائی پرہیز تو مستقل ہی ہے۔ رہا ادویات جو بذریعہ دہن موجود ہیں اور اگر ان ادویات سے کنٹرول نہ ہو تو انسولین انجکشن دیا جاتا ہے۔

شوگر کنٹرول میں آنے کے بعد اگر ادویات غذائی پرہیز اور ورزش چھوڑ دیں گے تو خون میں گلوکوز کی مقدار بڑھتی رہے گی جو بالآخر مختلف پیچیدگیوں کی صورت میں ظہور پذیر ہو سکتی ہے۔ لہذا آپ اپنے ڈاکٹر کی ہدایت پر عمل کرتے رہیں اور جس وقت طریقہ علاج میں تبدیلی کی ضرورت ہوگی وہ آپ کو آگاہ کرتا رہے گا۔

کریلے اور جامن

کریلے اور جامن سبزی اور پھل ہیں۔ لہذا انہیں پھل اور سبزی ہی کی طرح استعمال کریں۔ اگر آپ جامن بہت زیادہ کھائیں تو گلوکوز کا کنٹرول بگڑ جائے گا۔ ذیابیطس میں مبتلا افراد ایک دن میں پانچ سے چھ دانے جامن کھا سکتے ہیں۔ جیسا کہ جامن اور کریلے کے بارے میں مشہور ہے کہ کنٹرول ہو جاتی ہے، غلط ہے۔ تحقیق کے نتیجہ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ پانچ کلو کریلے سکھا کر اور پھر پیس کر جو سفوف تیار ہوتا ہے وہ ایک Glibenclamide گولی کے برابر ہوتا ہے۔ اسی طرح جامن کی گٹھلیاں جب پیسی جائیں تو ایک گولی بنتی ہے۔ لہذا اتنی بڑی مقدار میں یہ سفوف کھانا انتہائی مشکل اور تکلیف دہ عمل ہے۔ آپ دواؤں پر اکتفا اور ڈاکٹر کی ہدایت پر عمل کریں۔

اکثر افراد میں ذیابیطس کے خراب کنٹرول کی وجہ سے آنکھ، دل، گردے اور اعصابی نظام میں پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں جو کہ عموماً شدید نوعیت کی ہوتی ہیں۔ یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ یہ امراض اگر بروقت تشخیص ہو جائیں اور فوری علاج شروع کر دیا جائے تو نصف سے زیادہ افراد کو ان تکالیف سے بچایا جا سکتا ہے۔

مثال کے طور پر ذیابیطس میں مبتلا افراد ساٹھ فیصد سے زائد افراد کی بینائی (ذیابیطس کو لیزر کے ذریعہ علاج سے بچایا جا سکتا ہے)۔

میکولا (Macula) کی سوجن کی وجہ سے بینائی اور پڑنے والے اثرات کو لیزر کے علاج سے پچاس فیصد تک بچایا جا سکتا ہے۔

وٹرس (Vitreous) میں موجودہ پانی کو ختم کر کے چند افراد کی کھوئی ہوئی بینائی کو بحال کیا جا سکتا ہے۔

لہذا ذیابیطس میں مبتلا ہر فرد کو باقاعدگی سے آنکھ کا معائنہ کروانا چاہئے اور علاج کے بعد بھی ڈاکٹر سے مسلسل رابطہ ضروری ہے۔ خون میں گلوکوز کا لیول نارمل رہنا بھی ضروری ہے۔ اب جبکہ باقاعدہ علاج موجود ہے۔ یہ بڑا المیہ ہے کہ اب بھی بینائی کو ہم محفوظ نہیں کر پا رہے۔ لہذا ذیابیطس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ آگہی و بیداری پیدا کریں۔

ذیابیطس اور گلوکوز کی کمی

کسی بھی عام فرد کی طرح آپ کے جسم میں گلوکوز (غذا میں شامل) اور انسولین موجود ہوتی ہے۔ گلوکوز اور انسولین کا توازن آپ کے گلوکوز کی مقدار کا تعین کرتا ہے۔ اگر یہ توازن بگڑ جائے تو آپ کی گلوکوز خون میں زیادہ، کم ہو سکتی ہے۔ اگر انسولین کم اور گلوکوز زیادہ ہے تو خون میں گلوکوز کی زیادتی (Hypeerglycemla) کہلاتی ہے۔ اگر انسولین زیادہ ہے لیکن گلوکوز کم ہو تو خون میں گلوکوز لیول کم (Hypoglycimla) کہلاتا ہے۔

داگر آپ کو رات کے آخری حصہ میں خون میں گلوکوز کی مقدار کم ہونے کی وجہ سے ہائپو ہو جائے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ انسولین NPH (ودھیا) کی مقدار آپ کے کھانے کی مقدار سے زائد ہے لہذا اس سے چھٹکارا پانے کے لئے آپ کو انسولین NPH کی مقدار کو کم رکھنا ہے یا رات کو سوتے وقت غذا کی کچھ مقدار لینا ہے۔ آپ اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کر لیں کہ انسولین کی مقدار کم کروں یا سوتے وقت کچھ کھا لیا کروں۔

یاد رہے کہ انسولین اپنا کام ساری رات کرتی رہتی ہے۔ خواہ سو رہے ہوں۔ لہذا سوتے وقت ایسی غذائیں لینی چاہئیں جس کا اثر طویل عرصہ تک رہے مثلاً مارجرین لگا سینڈوچ یا کم چکنائی والا پنیر لگا بسکٹ اور دودھ وغیرہ۔

اس طرح انسولین اور خوراک کا توازن صحیح رہے گا اور آپ سوتے ہوئے ہائپو سے محفوظ رہیں گے۔

ذیابیطس اور چاول

ذیابیطس میں مبتلا افراد سادہ چاول کھا سکتے ہیں۔ چاول کو ابال کر اس کا پانی پھینکنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اس سے اس کے وٹامنز ضائع ہو جاتے ہیں۔ البتہ پلاؤ بریانی کی صورت میں چاول نہیں لینا چاہئے۔ اگر آپ چاول اور روٹی ایک ساتھ لے رہے ہیں تو روٹی کی مقدار کم کر کے اس کی جگہ چاول لے سکتے ہیں۔ آدھی پلیٹ ابلے ہوئے چاول ایک عدد روٹی کا نعم البدل ہے۔

ذیابیطس اور کافی

ذیابیطس میں مبتلا افراد چائے اور کافی لے سکتے ہیں لیکن کوشش یہی ہونی چاہئے کہ زیادہ کافی یا چائے نہ پئیں۔ کافی یا چائے کو میٹھا کرنے کے لئے مصنوعی مٹھاس والی گولیاں استعمال کر سکتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر والے افراد کو چائے یا کافی سے پرہیز کرنا چاہئے کیونکہ اس سے بلڈ پریشر بڑھ سکتا ہے۔

(ماہنامہ معیار لاہور جولائی 2007ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 95280 میں انس احمد گورایا

ولد محبوب احمد گورایا قوم گورایا پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مسلم آباد لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 5-12-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔انس احمد گورایا۔گواہ شد نمبر 1 ندیم انور۔ گواہ شد نمبر 2 محمد انور قریشی

مسل نمبر 95281 میں ہما محبوب

بنت محبوب احمد گورایا قوم گورایا پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مسلم آباد لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 5-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔ہما محبوب۔گواہ شد نمبر 1 ندیم انور۔ گواہ شد نمبر 2 محمد انور قریشی

مسل نمبر 95282 میں وحیدہ جاوید

زوجہ جاوید احمد گورایا قوم روملہ پٹھان پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مسلم آباد لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 21-11-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے(1) طلائی زیور اڑھائی تولے مالیتی -/55000 روپے(2) حق مہر -/10000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔وحیدہ جاوید۔ گواہ شد نمبر 1 ندیم انور۔گواہ شد نمبر 2 قریشی محمد انور

مسل نمبر 95283 میں ریحانہ پروین

